# Urdu Evening News Bulletin

# (02 July 2026) of 0740PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کے بلیٹن کے ساتھ مینشبیر الزماں

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

## یاترا

تر گپھا میں دردشن کے ساتھ ہی نۓ_سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کاباضابطہ آغاز کل یعنی 3جولائی کو ہو رہاہے۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج صبحیاتریوں کے پہلے قافلے کو جموں کے بھگوتی نگر بنیادی کیمپ سے وادی کیلئے روانہ کیا۔ ان یاتریوں میں 3ہزار 707مرد اور 816خواتین شامل ہیں۔

اس موقعہ پر ایل جی نے یاتریوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شری امرناتھ جی شرائن بورڈ، جموں کشمیر پولیس، فوج ، سیکورٹی فورسز، مقامی لوگوں اور دیگر متعلقین نے یاترا کے احسن انعقاد کیلئے تمام انتظامات مکمل کئے ہیں۔

## یاترا استقبال

یاتریوں کا یہ قافلہ نویُگ ٹنل کراس کرکے قاضی گنڈ کے راستے وادی پہنچ گیاہے۔ نویُگ ٹنل پر سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے ان یاتریوں کا والہانہ استقبال کیا اور انہیں مشروبات اور کھانے پینے کی چیزیں پیش کیں۔

ایک رپورٹ کے ساتھ ہمارے نمائندے۔

استقبال کیلئے پہنچے کئی لوگوںنے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....Byte Local....

اس موقعہ پر ڈی سی کولگام شہزا دعالم، ڈی آئی جی ساؤتھ کشمیر جاوید اقبال متو ، ایس ایس پی کولگام عنایت علی چودھری اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

## ایل جی مندر

اس دوران لیفٹیننٹ گورنر نے آج پُرانی منڈی جموں میں واقع قدیم شری رام مندر میں حاضری دی اور جموں وکشمیر کے لوگوں کی خوشحالی اور ترقی کیلئے پرارتھنا کی۔

ں کو شری امرناتھ جی یاترا کے آغاز کی مبارکباددی۔نۓ_انہوں نے سادھوو

## پی ایم میٹنگ

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دہلی میں جاپان کی اپنی ہم منصب سنائی تکائچی کے ساتھ بھارت جاپان سالانہ اجلاس کے دوران باہمی مفاد کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

اس موقعے پر دونوں ممالک نے دواسازی، مصنوعی ذہانت ، اقتصادیات اور توانائی کے شعبوں میں شراکت داری کومزید مستحکم کرنے کیلئے مفاہمت نامے طے کئے۔بعد میں جاپان کی وزیراعظم کے ساتھ

ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نریندر مودی نے کہا کہ عصر حاضر میں اعتماد اور بھروسہ کسی بھی قوم کا سب سے بڑاا ثاثہ ہے۔

ایل جی جموں

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ بااختیار استاد ایک طالب علم کو پُر اعتماد بنا سکتا ہے اور مضبوط تعلیمی ادارے خوشحال سماج کی تشکیل میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔

نڈیشن کے مشترکہ ہ_اور بھارتی ایئرٹیل فاو SCERTان باتوں کا اظہار ایل جی نے اسکولی تعلیم محکمہ، اہتمام سے جموں میں منعقدہ ایک روزہ صلاحیت سازی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔منوج سنہا نے کہا کہ تعلیم کا مقصد ارتقائی عمل کو فروغ دینا ہے۔

اس موقعے پر لیفٹیننٹ گورنر نے کئی ذہین طالب علموں میں انعامات تقسیم کئے جبکہ کئی کتابوں کی رسم رونمائی بھی انجام دی گئی۔

VANایل جی

کو جھنڈی دکھائی۔ Vanلیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج جموں میں ایک موبائیل میڈیکل کیئر یونٹ بینک نے کارپوریٹ سماجی ذمہ داری مہم کے تحت فراہم کی ہےلیفٹیننٹ گورنر نے HDFCیہ گاڑی بینک کے اس قدم کی سراہنا کی۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت جموں وکشمیر کے ہر ضلعے کی یکساں ترقی کیلئے پُرعزم ہے۔ انہوں نے آج جنوبی کشمیر کے شوپیاں ضلع کا دورہ کرکے وہاں مجموعی ترقیاتی منظرنامے کا جائزہ لیا۔انہوں نے ضلعے کے باغ مالکان اور کسانوں کو درپیش مسائل کا بھی جائزہ لیا۔

شوپیاں سے ہمارے نمائندے جاں نثار احمدکی یہ رپورٹ

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج سرینگر میں سیرباغ ۔سیمپورہ پُل پر جاری کام کا جائزہ لیا۔انہوں نے عمل آوری ایجنسی کو یہ پروجیکٹ جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی تاکہ مقامی لوگوں کا مسئلہ حل کیا جاسکے۔

انہوں نے کہا کہ اس پُل سے سیرباغ، سیمپورہ ، سمربُگ کے علاوہ پانپور ، چاڈورہ اور سرینگر کے ملحقہ علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو عبور ومرور کی سہولیات دستیاب رہے گی۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کہاہے کہ زمینی سطح پر کام کرنے والے افسران اور اہلکار سرکار کے منصوبوں کو عملی شکل دینے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔

شوپیاں میں وکست بھارت جی رام جی کا رسمی طور آغاز کرنے کیلئے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسی بھی فلاحی پروگرام کی کامیابی کادارومدار عمل آور ایجنسی یا

محکمے کی لگن اور تندہی پر ہوتا ہے۔ تقریب میں دیہی ترقی محکمے کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد کے علاوہ دیگر کئی افسران نے بھی شرکت کی۔

طبی آلات

مرکزی سرکار نے جموں کشمیرمیں ڈائیگناسٹک ہیلتھ کیئرکے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کی غرض سے وزیراعظم فنڈ کے تحت یوٹی کیلئے مصنوعی ذہانت پر مبنی275پورٹیبل ایکسرے مشینیں، نو MRI یونٹ اور چار ڈیجیٹل میمو گرافی یونٹس کیلئے رقومات واگذار کئے ہیں۔

اس تعلق سے صحت کی مرکزی وزارت اور جموں کشمیر حکومت نے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔ یہ تشخیصی آلات منتخب شدہ سرکاری طبی اداروں میں نصب کئے جائینگے۔

اسپیکر

قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج چرارشریف کے سب ڈسٹرکٹ ہسپتال میں لیپراسکوپی اور ڈیجیٹل ایکسرے مشین کا افتتاح کرکے انہیں عوام کے نام وقف کیا۔

انہوں نے کہا کہ ان تشخیصی سہولیات کی فراہمی سے چرارشریف کے لوگوں کی دیرینہ مانگ پوری ہوگئی ہے۔عبدالرحیم راتھر نے طبی نگہداشت کے شعبے میں مزید بہتری لانے کے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں تعلیمی منظرنامے کو مزید فعال بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

سرینگر میں آج پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن کے ایک وفد سے بات چیت کے دوران انہوں نے کہا کہ اس شعبے کی خامیوں کو دور کرنے کیلئے مناسب اقدامات کئے جارہے ہیں۔ سکینہ ایتو نے وفد کے مطالبات پر ہمدردانہ غور کرنے کا یقین دلایا ۔

درخشاں اندرابی

جموں وکشمیر میں ماحولیات کو تحفظ فراہم کرنے کی غرض سے جاری مہم کے تحت جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی کی سربراہی میں آج جموں کے عیدگاہ علاقے میں شجرکاری کی ایک مہم کا آغاز ہوا۔

اس موقعے پر ایک پودا لگانے کے بعد ڈاکٹر اندرابی نے کہا کہ ماحولیات کو تحفظ فراہم کرنا نہ صرف عصر حاضر کا تقاضا ہے بلکہ یہ مستقبل کیلئے ایک فائدہ مند سرمایہ کاری بھی ہے۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی وہ اپنے آس پاس زیادہ سے زیادہ پیڑ اُگائیں۔

ادبی

"سرکردہ قلمکار سے ملاقات"جموں وکشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز کی طرف سے آج کے تحت وادی کے معروف ادیب جی آر حسرت گڈہ کے ساتھ گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول کوٹھی باغ میں ایک نشست منعقد کی گئی۔

پروگرام میں ادیبوں، اسکالروں، ماہرین تعلیم، طالب علموں اور ادب کے شائقین کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی، جنہوں نے کشمیری ادب میں جی آر حسرت گڈّہ کی خدمات کو سراہا۔

مہمان ادیب حسرت گڈّہ نے اپنے ادبی سفر کے بارے میں اپنے تجربات شیئر کئےیہ پروگرام اکیڈمی کے سیکریٹری عدیل سلیم کی نگرانی میں منعقد کیا گیا۔

این سی

نیشنل کانفرنس کی خواتین ونگ کا ایک اجلاس آج ونگ کی صدر شمیمہ فردوس کی صدارت میں منعقد ہوا، جس دوران بیگم شیخ محمد عبداللہ کی برسی کے سلسلے میں منعقد کئے جانے والے پروگراموں کو حتمی شکل دی گئی۔ اجلاس کے دوران مرحومہ کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

اس دوران پارٹی کی اقلیتی سیل کے کنوینئر جگدیش سنگھ آزاد نے شری گروہرگوبند جی مہاراج کے یوم پیدائش کے موقعے پر گردواروں میں سکھ عقیدت مندوں کیلئے سہولیت دستیاب رکھنے کا انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے۔

ست شرما

بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرماکی صدارت میں آج جموں میں پارٹی لیڈروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی، جس دوران بی جے پی کی جانب سے جاری عوامی فلاحی پروگراموں اور تنظیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔

میٹنگ میں پارٹی کے سینئر لیڈر اور اسمبلی میں حزب اختلاف کے قائد سنیل شرما اورجنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول کے علاوہ دیگر کئی لیڈر بھی موجود تھے۔

پَوَن شرما

بی جے پی جموں وکشمیر کے سٹیٹ سیکریٹری پَوَن شرما نے شری امرناتھ جی یاترا پر جانے والے ں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیاہے۔ئ_شردھالو

انہوں نے کہا ہے کہ یاترا محض ایک مذہبی تقریب نہیں بلکہ روحانیت اور قومی یکجہتی کی ایک علامت بھی ہے۔

IFAD

کا نگران آج سے 14جولائی تک زراعت اور اس (IFAD)زرعی ترقی سے متعلق بین الاقوامی فنڈ کے سبھی مدوں پر عمل آوری کی (JKCIP) سے منسلک سیکٹروں کے پروجیکٹ پیش رفت کا جائزہ لے گا۔

مشن کے ارکان جموں وکشمیر کے 14اضلاع میں زمینی سطح پر ازخود جاکر کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیں گے۔آج منعقدہ افتتاحی اجلاس میں زرعی یونیورسٹی کشمیر اور زرعی یونیورسٹی جموں کے نمائندوں کے علاوہ زراعت، باغبانی، پشوپالن، بھیڑ پالن اور ماہی پروری کے دونوں صوبوں کے ڈائریکٹرس موجود تھے۔

## کابینہ کمیٹی

اقتصادی امور سے متعلق مرکزی کابینہ کمیٹی نے پردھان منتری غریب کلیان اَنہ یوجنا اور دیگر فلاحی اسکیموں کے تحت فراہم کئے جانے والے چاول کے معیار میں بہتری لانے کیلئے اصلاحات کو منظوری دی ہے۔ایسا فیصلہ پچھلی تین دہائیوں کے دوران پہلی بار لیا گیا ہے۔

## وَٹس اَپ

شروع کرنے سے متعلق میٹا کو User name feature کے ذریعےWhatsappحکومت نے بھارت میں نوٹس جاری کیا ہے۔

سے متعلق User Name Featureذرایع نے بتایا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت نے تین دن کے اندر وضاحت پیش کرنے کی میٹا کو ہدایت دی ہے۔

## ای پی ایف

کی عمل آوری کے سلسلے کے Codeمرکزی حکومت نے سماجی سیکورٹی2020سے متعلق سکیم 1952کو تبدیل کرتے ہوئے ایمپلائز پراوِڈنٹ فنڈ سکیم2026نوٹیفائی کردی ہے۔ نئی EPFت سکیم 29جون سے لاگو کی گئی ہے اور اسے گیزٹ میں بھی مشتہر کیاگیاہے۔

ڈیپازٹس EPFنے مالی سال 2025-26کیلئےEPFOدریں اثنا ایمپلائز پروئیڈنٹ فنڈ آرگنائزیشن پر8اعشاریہ 2پانچ فیصد شرح سود کو سرکاری طور پر نوٹیفائی کیا ہے۔

## اقوام متحدہ

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں، عالمی دہشت پسندی سے متعلق ایک جامع اجلاس بلانے کی بھارت کی تجویز کی حمایت کی گئی ہے۔دہشت گردی سے نمٹنے کی حکمت عملی سے متعلق اقوام متحدہ کی9ویں جائزہ میٹنگ کے دوران بھارت کی تجویز کو 140ملکوں کی حمایت سے منظور کیا گیا۔

اس میں ممبر ملکوں پر زور دیا گیا ہے کہ کنونشن کو حتمی شکل دینے کی ہرممکن کوشش کی جانی چاہئے۔ کنونشن کی تجویز بھارت نے30سال پہلے پیش کی تھی۔

اقوام متحدہ میں بھارت کی مستقل نمائندے پی ہریش نے کہا ہے کہ قانونی خدوخال پر عالمی سطح پر اتفاق رائے نہ ہونے کی وجہ سے دنیا میں دہشت گردی کی روکتھام کی کوششیں کمزور ہوئی ہیں۔

## ایڈوائزری

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے ڈائریکٹوریٹ آف ایکسٹنشن نے موجودہ موسمی صورتحال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے وادی کے باغ مالکان کیلئے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے۔

کسانوں سے اس ایڈوائزری پر عمل کرنے کیلئے کہا گیا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت29اعشاریہ 1ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت18اعشاریہ 6ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ 5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 24 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ